36990- کسی دوسرے کے خرچ پر حج کرنا

سوال

ایک عورت سعودی عرب آئی اور میزبان کے خرچ پر اسے فریضہ حج کی ادائیگی میسر ہوگئی ، وہ پوچھتی ہے کہ آیا اس کے فرض کی ادائیگی ہوگئی ، اور حالت تو یہ ہے کہ اس نے اپنے مال سے کوئی چیز بھی خرچ نہیں کی ؟

پسندیدہ جواب

اس کے فریضہ حج کی ادائیگی کے صحیح ہونے پر اس کا کوئی اثر نہیں کہ اس نے اپنے مال سے حج میں کچھ خرچ کیا ہے یا خرچ نہیں کیا بلکہ اس کے علاوہ حج کا بہت زیادہ خرچہ کسی اور نے برداشت کیا ہے ، تو اس بنا پر ہم یہ کہیں گے کہ اگر تو اس کے حج میں شروط اور ارکان واجبات مکمل طور پر پائے جاتے تھے تو اس کا فرض ادا ہو چکا ہے ، اگرچہ اس کا خرچہ کسی اور نے برداشت کیا ہو۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .